PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

49 کرکٹرز پی سی بی کے لیول ون امپائرنگ اور میچ ریفریز کورس میں شریک

لاہور، 7 جون 2021ء:

امپائرز اور میچ آفیشلز کے لیے منعقدہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا لیول ون امپائرنگ اور میچ ریفریز کورس آج سے شروع ہو گیا ہے، جہاں مجموعی طور پر 49 سابق ٹیسٹ اور فرسٹ کلاس کرکٹرز شرکت کر رہے ہیں۔

ان کھلاڑیوں میں تین ٹیسٹ کرکٹرز بھی شامل ہیں، عبد الرؤف، سلمان بٹ اور بلال آصف بھی شامل ہیں۔

دیگر کھلاڑیوں میں شعیب خان، عدنان رئیس، عمران علی، احمد سعید اور جہانگیر مرزا بھی نمایاں ہیں۔

اس کورس میں مجموعی طور پر 350 امیدوار شرکت کر رہے ہیں، جنہیں پی سی بی ایلیٹ اور سپلیمنٹری پینل میں شامل میچ ریفریز کی جانب سے تربیت فراہم کی جاری ہے۔

کیمپ کے شرکاء کو امپائرنگ کے قوانین اور قواعد و ضوابط سے متعلق علم فراہم کیا جائے گا، جس کے بعد ان کا تحریری ٹیسٹ لیا جائے گا۔ اس دوارن شرکاء کے انٹرویوز اور فٹنس ٹیسٹ بھی لیے جائیں گے۔

اس کورس میں کامیاب امیدوار کلب اور اسکول کی سطح پر امپائرنگ کرنے کے اہل ہوں گے، جس سے سابق کھلاڑیوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

پی سی بی نے اس کورس کے لیے رجسٹریشن کا آغاز اپریل میں کیا تھا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications